سُورَةُ الكَافِرُونَ

Surah 109 — Al-Kaafiroon (The Disbelievers) · Meccan · 6 Ayahs · Translation: Urdu

1

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ قُلْ يَٰٓأَيُّهَا ٱلْكَٰفِرُونَ

(اے پیغمبر ان منکران اسلام سے) کہہ دو کہ اے کافرو!

2

لَآ أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ

جن (بتوں) کو تم پوجتے ہو ان کو میں نہیں پوجتا

3

وَلَآ أَنتُمْ عَٰبِدُونَ مَآ أَعْبُدُ

اور جس (خدا) کی میں عبادت کرتا ہوں اس کی تم عبادت نہیں کرتے

4

وَلَآ أَنَا۠ عَابِدٌۭ مَّا عَبَدتُّمْ

اور (میں پھر کہتا ہوں کہ) جن کی تم پرستش کرتے ہوں ان کی میں پرستش کرنے والا نہیں ہوں

5

وَلَآ أَنتُمْ عَٰبِدُونَ مَآ أَعْبُدُ

اور نہ تم اس کی بندگی کرنے والے (معلوم ہوتے) ہو جس کی میں بندگی کرتا ہوں

6

لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِىَ دِينِ

تم اپنے دین پر میں اپنے دین پر

Generated by Dailica — dailica.com